ادارہ

تعارف و تبصرۂ کتب



تاریخ مکۃ المکرّمہ جلد اول و دوم | **مؤلف مولانا محمد عبد المعبود صاحب**

صفحات جلد اول ۴۸۰ جلد دوم ۴۸۸ قیمت جلد اول ۴۵ روپے جلد دوم ۴۵ روپے

پتہ :- المکتبۃ الحبیب . پھولوں والی مسجد - رحمان پورہ راولپنڈی ۔

مکۃ المکرمہ زادھا اللہ تشریفاً و تکریماً ۔ اہل اسلام کا ایمانی اور روحانی مرکز ہے ۔ روئے زمین کے وسط میں ہونے کی وجہ سے یہاں بیت اللہ شریف کو مسلمانوں کا قبلہ مقرر کیا گیا ہے ۔

مکۃ المکرمہ کی رفعت و عظمت کی پوری دنیا قائل اور تاریخی اہمیت کا اعتراف کرتی چلی آرہی ہے ۔ دنیا بھر کے مسلم اور غیر مسلموں ادیبوں، صحافیوں، دانشوروں، نقادوں، سیاحوں اور طبقات الارض و علم الانساب کے ماہرین نے اس شہر خوباں کی تخلیق، تعمیر و آبادی، باشندوں اور یہاں چار ہزار سال سے بسنے والی اقوام و ملل کی تہذیبی و تمدنی تفصیلات ۔ بلکہ یہاں کے پہاڑوں، درختوں، مکانوں اور ریگ زاروں تک کے تخلیقی، ارتقائی اور تاریخی و جغرافیائی حالات و کیفیات کو اپنے علمی کاوشوں اور فکری تحقیقات کا موضوع بنایا ۔

اس موضوع پر علامہ ازرقی کی " اخبار مکہ " امام تقی الدین فاسی کی عقد الثمین، علامہ قطب الدین کی اعلام الاعلام ۔ رفعت پاشا مصری کی مراۃ الحرمین جیسے جامع اور مفصل مستند اور تحقیقی تصنیفات موجود ہونے کے باوجود اردو زبان میں کوئی ایسی مذہبی، علمی، سیاسی، تمدنی، اور تہذیبی جامع کتاب موجود نہیں تھی ۔

خدا جزائے خیر دے مولانا محمد عبد المعبود صاحب کو جنہوں نے تاریخ مدینہ منورہ کے بعد تاریخ مکۃ المکرمہ کو کو موضوع بنا کر ۱۵۰۰ صفحات کا مواد جمع کیا جس کا ⅔ حصہ دو جلدوں کے قالب میں ڈھل کر امت کے ہاتھوں پہنچ رہا ہے ۔ جلد اول مکہ معظمہ کی تہذیبی، تمدنی، ارتقائی، اقتصادی، معاشرتی اور سیاسی تاریخ پر مشتمل ہے ۔ جلد دوم میں کعبۃ اللہ، حرم کعبہ اور ان کے ملحقات کے چار ہزار سالہ نادر تاریخی دستاویزات کا احاطہ کیا گیا ہے جس پر وہ بجا طور پر ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں ۔ ہمارے نزدیک صرف علمی و تاریخی اور مطالعاتی ذوق رکھنے والے احباب ہی کے لئے نہیں بلکہ ہر مسلمان کے لئے اس کو اپنی لائبریری میں رکھنا اور مطالعہ کرنا ضروری ہے ۔ کتابت و طباعت نہایت مرصع و نظر نواز ۔ کاغذ عمدہ سفید بہترین کوالٹی ۔ جلد نہایت خوبصورت، مضبوط و دیدہ زیب ۔

(ع - ق - ح)